OVERLAKE MEDICAL CENTER

OVERLAKE MEDICAL CLINICS

شکریہ Overlake Medical Center کو اپنا نگہداشت صحت خدمات فراہم کار منتخب کرنے کے لئے ہم چاہتے ہیں کہ آپ کا ہمارے ساتھ تجربہ جتنا ممکن ہوسکے خوشگوار ہو، خدمات کے لئے رجسٹر کرتے وقت سے لے کر جب تک آپ کا مریض اکاؤنٹ بند نہیں کردیا جاتا۔ ہمیں معلوم ہے کہ مالی دشواریاں نگہداشت صحت خدمات کے حصول کے ساتھ ہو سکتی ہیں اور آپ کو بتانا چاہتے ہیں کہ ہمارے پاس ایسے پروگرام موجود ہیں جو آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔ ہم نے ایسے مالی مشیروں کو کام پر رکھا ہوا ہے جو ہمارے پروگراموں کے بارے میں آپ کو ہونے والے سوالوں کا جواب دینے میں خوشی محسوس کریں گے اور جو آپ کے لئے بہترین پروگرام کی درخواست دینے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

فوری ادائیگی ڈسکاؤنٹ پروگرامز

یہ پروگرام صرف طبی طور پر ضروری خدمات کے لئے دستیاب ہے جہاں انشورنس کوریج نہیں ہو۔ یہ پروگرام ان مریضوں پر بھی لاگو ہوتا ہے جو کسی میڈیکل انشورنس پروگرام کے لئے اہل ہیں، لیکن ان کے پاس کوئی انشورنس کوریج باقی نہیں ہے کیونکہ انہوں نے اپنے فوائد کی زیادہ سے زیادہ حد پہلے ہی حاصل کرلی ہے۔ مریض کو اس کے پورے حساب میں سے 30% کی رعایت دی جاتی ہے اگر پورے بقایا جات کی ادائیگی Overlake Medical Center اور/یا Overlake Medical Clinics کو بلنگ کے اسٹیٹمینٹ کی تاریخ سے 30 دنوں کے اندر کردی جائے، مالی مشیر سے رابطہ کرنے کے لئے 425.688.5655 پر اور رعایت حاصل کرنے کا نظم کرنے کے لئے 425.688.5299 پر کال کریں۔

توسیعی ادائیگی پلان پروگرامز

آپ کے ساتھ ایک غیر سودی ادائیگی پلان کے قیام کے لئے کام کرتے ہوئے ہمیں خوشی ہو رہی ہے۔ اصل ماہانہ ادائیگی اور معاہدے کی طوالت کا دارومدار آپ کے واجب الادا بقایا جات پر ہوگا۔ تمام ادائیگی پلان آپ سے معاہدہ کردہ شیڈیول کی مطابقت میں اور Overlake کے مالی مشیر کے ذریعہ مقرر کردہ ماہانہ ادائیگی کا تقاضہ کرتے ہیں۔ ادائیگی پلانز کے بارے میں سوالات کے لئے،براہ مہربانی 425.688.5299 پر کال کریں۔

مالی امداد پروگرام

یہ پروگرام بیمہ کے ذریعہ ادائیگئی کے بعد آپ کے دعوے کے مریض کی ذمہ داری والے جز کی مالی امداد کی فراہمی کے لئے دستیاب ہے، یا جب کوئی بیمہ فوائد موجو د نہ ہو۔ آپ کی مخصوص مالی صورت حال کی بنا پر خدمت کے وقت، آپ اپنے حساب کے واجب الادا بقایا جات کے 65% تا 100% رعایت کے اہل ہو سکتے ہیں۔ رعایت کی مقدار آپ کی آمدنی کے لحاظ سے ہوتی ہے جو وفاقی غربت کے رہنما خطوط کے ساتھ مل کر آپ کے بقایا جات کے ایک فیصد کے برابر ہوتی ہے۔ اس پروگرام کے لئے درخواست دینے کے لئے، آپ کو ایک مالی امداد کی درخواست خدمات کی فراہمی کے بعد دینی اور مکمل کرنی ہوگی اور/یا جتنی جلد آپ اپنی مالی ذمہ داری سے آگاہ ہو جاتے ہیں۔ درخواست میں آپ کو اپنی آمدنی کے بارے میں مخصوص معلومات فراہم کرنی ہوگی اور Overlake Hospital Association درخواست کی کارروائی کے دوران نگہداشت صحت سے متعلق کریڈٹ کی جانچ (جو آپ کی کریڈٹ ریٹنگ کو متاثر نہیں کرتی) کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ اس پروگرام کے یا درخواست دینے کے بارے میں مزید تفصیلات کے لئے براہِ مہربانی 425.688.5299 پر کال کریَں مالی امداد کا اطلاق ادائیگی کے تمام اختیارات کے موصول ہوجانے کے بعد، بشمول DSHS اور فریق ثالث واجبات کے معاملات (جیسے موٹر گاڑی یا دیگر حادثہ کوریج)